# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈپارٹمنٹ آف آرکی ٹیکچر فیکلٹی آف آرکی ٹیکچر نے بھارت پرو دو ہزار چھبیس میں شرکت کی

New Delhi 30 January 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی آف آرکی ٹیکچر کے ڈپارٹمنٹ آف آرکی ٹیکچر نے ہندوستان کی ستہتر ہویں یوم جمہوریہ دہلی کے موقع پر تاریخی لال قلعہ میں چھبیس جنوری دو ہزار چھبیس سے منعقد ہونے والے بھارت پرو دو ہزار چھبیس جسے کونسل آف آرکی ٹیکچر (سی او اے) نے تیار کیا تھا اس کے موقر قومی پلیٹ فارم بھارت پرو دو ہزار چھبیس میں شرکت کر کے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی نمائندگی کی۔

اس سال بی۔آرک کے سال چہارم کے طلبہ نے عمارتوں کے ڈھانچوں کے ماڈل پیش کیے۔ان طلبہ نے بھیما کالی مندر کا دستاویز سازی کام بھی نمائش میں پیش کیا جس میں ہندوستانی علوم نظام اور موجودہ بی۔آرک تیسرے سال کے طلبہ کا تیار کردہ انڈین ٹیمپل آرکی ٹیکچر بھی نمائش کے لیے رکھا گیا۔

ان ماڈلز اور ڈھانچوں کا مرکزی خیال بھارت کی ثروت مند تعمیراتی وراثت سے ہم آہنگ تھا اور ملک کی تہذیبی و ثقافتی شناخت،عمارت سازی کے ماحول اور پائے دار مستقبل کو تشکیل اور سمت دینے میں آرکی ٹیکچر کے اہم رول کو نشان زد کرتا ہے۔

نمائش میں رکھے گئے ماڈلز اور ڈھانچوں کو خاص طور پر مقبولیت ملی اور اور سی او اے کی جانب سے نمائش کے لیے مخصوص مقام پر زائرین آئے۔عوامی ڈومین کے لیے یہ آرکی ٹیکچر کے ایک اہم آؤٹ ریچ کے طور پر کام کر رہا ہے اور آرکی ٹیکچر میں ملک کے مختلف طبقات سے نئے نئے نوجوانوں کو اپنی جانب راغب کرے گا۔

کونسل نے بھارت پرو دو ہزار پچیس کے دوران ’سروجن‘ نمائش کا کامیاب انعقاد کیا تھا جسے زائرین، پیشہ ور ماہرین اور اس خاص شعبہ علم سے دلچسپی رکھنے والوں نے خاصا پسند کیا تھا اور یہ ان کے لیے کافی حوصلہ افزا بھی رہا تھا۔اس کامیاب تجربے سے استفادہ کرتے ہوئے اور عوامی آؤٹ ریچ اور تعمیراتی افضلیت کے سلسلے میں بیداری کے تئیں کونسل کی متواتر کوششوں کے تسلسل میں اس نے دوبارہ بھارت پرو دو ہزار چھبیس کے دوران ’سروجن، دو اعشاریہ صفر‘ منعقد کیا جس میں پہلے سے بھی زیادہ بہتر مواد، وسیع تر نمائندگی اور عوام سے بہتر رابطے کو ملحوظ رکھا گیا تھا۔شعبہ آرکی ٹیکچر نے سال گزشتہ بھی کونسل کے پروگرام میں حصہ لیا تھا اور اس میں جامعہ کی نمائندگی کی تھی۔

سماج کی پائے دار ترقی اور سب کے لیے بہتر مستقبل کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مربوط تعلیم کا جدید اور سیکولر نظام فراہم کرنے کے وژن کی خاطر ڈپارٹمنٹ آف آرکی ٹیکچر سرگرم عمل ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ